NYC Health

# NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی اصلاح کے لیے درخواست

اپ ڈیٹ شدہ پراسیسنگ کے اوقات، آرڈر اسٹیٹس اور اضافی معلومات کے لیے، nyc.gov/vitalrecords ملاحظہ کریں۔

(براہ کرم واضح پرنٹ کریں اور انگریزی زبان میں جتنی ممکن ہوں معلومات پُر کریں۔ دیگر زبانوں میں جمع کروائے گئے فارمز پر کارروائی میں زیادہ وقت لگے گا۔ اس فارم کے ترجمے آن لائن صرف حوالے کے لیے دستیاب ہیں، براہ کرم انگریزی فارم انگریزی زبان میں ہی پُر کریں۔)

## اصلاح کے لیے درخواست کون دے سکتا ہے؟

اصلاح کی درخواست دینے کے لیے: آپ کا وہ شخص ہونا ضروری ہے جس کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہے نیز آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے یا اگر سرٹیفکیٹ پر جس شخص کا نام موجود ہے اس کی عمر 18 سال سے کم ہے تو آپ کو اس شخص کا پیرنٹ یا قانونی سرپرست ہونا چاہیے۔ سرٹیفکیٹ پر جس شخص کا نام موجود ہے اس کی پیدائش NYC کے پانچ بوروز میں سے کسی ایک میں ہونی چاہیے (Bronx, Brooklyn, Manhattan, Queens, Staten Island)۔

## میں اصلاح کیسے کروں؟

- اس فارم کے صفحہ 5 پر جا کر شروعات کریں اور اصلاح کی اس قسم کی نشاندہی کریں جو آپ کرنا چاہتے ہیں۔
- جس قسم کی اصلاح آپ کرنا چاہتے ہیں اس کے لحاظ سے، ٹیبلز A، B، C، D یا E پر جائیں۔
- آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ دستاویزات کی جو اقسام جمع کروانے کی ضرورت ہے ان کے بارے میں ہدایات کو بغور پڑھیں۔
- اس کے بعد، مطلوبہ دستاویزات حاصل کریں اور انہیں اپنی درخواست میں شامل کریں۔
- صفحات 2 تا 4 پر موجود تمام معلومات پُر کریں۔ فارم پر دستخط کرنا اور تاریخ درج کرنا یقینی بنائیں۔
- آپ کو موجودہ (میعاد ختم نہ ہو) اور دستخط شدہ تصویری شناخت جمع کروانی ہوگی۔ اگر دونوں والدین کے نام ریکارڈ میں موجود ہیں تو دونوں کو درخواست پر دستخط کرنے ہوں گے اور اپنی شناخت (identification, ID) کی نقول جمع کروانی ہوں گی۔ ہم میل شدہ درخواستوں کے ساتھ ID کی فوٹو کاپیاں قبول کرتے ہیں۔ فوٹو کاپیاں واضح ہونی چاہئیں اور ان میں ID کا اگلا اور پچھلا حصہ شامل ہونا چاہیے۔

## دستاویزات کے تقاضے

- آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ لیٹر ہیڈ پر اصل دستاویزات یا مصدقہ نقول بھیجنی ہوں گی۔ مصدقہ نقول سرکاری آفس کی جانب سے جاری کردہ دستاویزات ہیں جن پر اکثر ابھری ہوئی مہر ہوتی ہے جیسے پیدائش کے سرٹیفکیٹس یا شادی کے سرٹیفکیٹس۔ نوٹرائزڈ نقول، فوٹو کاپیاں یا ترمیم شدہ دستاویزات قابل قبول نہیں ہیں۔
- اگر آپ کی دستاویزات انگریزی کے سوا کسی اور زبان میں ہیں تو آپ کو درکار دستاویزات کا آفیشل ترجمہ حاصل کرنا ہوگا۔ امریکہ کے باہر موجود کونسلیٹس اکثر آپ کے لیے آفیشل دستاویزات کا ترجمہ کر دیں گے۔ ہم تسلیم شدہ ترجمہ کی سروسز کی جانب سے تراجم کو بھی قبول کرتے ہیں۔

## فیس: اصلاح کرنے کی لاگت کیا ہے؟

NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمہ صحت) زیادہ تر اصلاحات کے لیے **ناقابل ریفنڈ $40 درخواست پر کارروائی کی فیس** چارج کرتا ہے نیز ہر نئے سرٹیفکیٹ کے لیے فی نقل $15 چارج کرتا ہے۔ جہاں فیس لاگو ہوتی ہے، درخواست کی لاگت $40 ہوتی ہے چاہے ایک سے زیادہ چیز کی اصلاح کی گئی ہو۔

**صرف مندرجہ قسم کی اصلاحات کے لیے کوئی فیس نہیں ہے:** والدیت/ولدیت کے اعترافات: والدیت/خونی رشتہ/ولدیت کے آرڈرز؛ اس پیرنٹ کو شامل کرنا جو بچے کی پیدائش سے پہلے شادی شادہ تھے؛ بچہ کو دیا گیا نام شامل کرنا، اگر بچہ کی پیدائش کے 60 دن کے اندر پیرنٹ کی جانب سے محکمہ صحت کو جمع کروایا جائے؛ بچہ کو دیا گیا نام شامل کرنا، اگر بچہ کی پیدائش کے 12 ماہ کے اندر پیرنٹ کی جانب سے ہسپتال کو جمع کروایا جائے؛ ہسپتال کی غلطیوں اور بھول چوک میں اصلاح کرنا، اگر پیدائش کے پہلے 12 ماہ کے اندر بچہ کی پیدائش کے ہسپتال کی طرف سے جمع کروایا جائے۔

## سیکشن نمبر ایک: آپ کا نام کیا ہے؟

**نوٹ کریں کہ آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے۔ واضح پرنٹ کریں اور صرف سیاہ روشنائی استعمال کریں۔**

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

| میلنگ کا پتہ | اپارٹمنٹ نمبر |
|---|---|
| | |

| شہر | اسٹیٹ | زپ کوڈ |
|---|---|---|
| | | |

| بنیادی فون نمبر | متبادل فون نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|
| | | |

ازدواجی شراکت کی حیثیت:

☐ غیر شادہ شدہ/کبھی شادی نہیں ہوئی ☐ شادی شدہ ☐ علیحدہ

☐ طلاق یافتہ ☐ رنڈوا/بیوہ ☐ رجسٹر شدہ خانگی شراکت داری

## سیکشن نمبر دو: پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی معلومات

**اس سیکشن کے لیے، آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں فی الحال درج جس چیز کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں وہ لکھیں۔**

پیدائش کے سرٹیفکیٹ کا نمبر: 1 5 6 - ___ ___ - ___ ___ ___ ___ ___ ___

تاریخ پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود نام جیسا **فی الحال** موجود ہے:

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

تاریخ پیدائش (مہینہ/دن/سال): ____________________ جنس: ☐ مرد ☐ عورت ☐ X*

والدہ کا میڈن نام:

| پہلا نام | آخری نام |
|---|---|
| | |

جائے پیدائش جیسا کہ ابھی پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود ہے:

| ہسپتال کا نام، پیدائش کا مرکز یا اگر ولادت گھر پر ہوئی ہو تو اسٹریٹ کا پتہ، شہر، ریاست، زپ کوڈ |
|---|
| |

*X وہ صنف ہے جو بالخصوص نہ مرد ہے نا عورت (نان بائنری صنفی شناخت)۔

## سیکشن نمبر تین: آپ کس چیز کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں؟

فی اصلاح ایک سطر استعمال کریں۔ ہم ایسا فارم قبول نہیں کر سکتے جس پر موجود متن کو کسی پین وغیرہ سے کاٹ دیا گیا ہو یا جس پر 'وائٹ آؤٹ' کا استعمال کیا گیا ہو۔ اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو نیا درخواست کا فارم استعمال کریں۔ (اگر آپ **صرف** دوسرا پیرنٹ شامل کر رہے ہیں تو اس کی بجائے سیکشن 4 مکمل کریں۔)

| آپ کس چیز کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں؟ | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر فی الحال کیا درج ہے؟ | پیدائش کے ریکارڈ پر کیا موجود ہونا چاہیے؟ |
|---|---|---|
| مثال: بچے کا پہلا نام | مثال: موجود نہیں ہے | مثال: Michael |
| مثال: تاریخ پیدائش | مثال: October 16, 2009 | مثال: October 19, 2009 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## سیکشن نمبر چار: دوسرے پیرنٹ کی معلومات

اگر آپ دوسرے پیرنٹ کا نام شامل کرنا چاہتے ہیں تو یہ سیکشن پُر کریں۔ آپ کو بچہ کی پیدائش سے پہلے شادی شدہ ہونا چاہیے۔ صفحات 7 اور 8 پر ٹیبل B دیکھیں۔

**دوسرے پیرنٹ کا نام**

| پہلا نام | درمیانی نام | دوسرے پیرنٹ کا آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

پیرنٹ کی پیدائش کا ملک ____________________ جنس: ☐ مرد ☐ عورت ☐ X

دوسرے پیرنٹ کی تاریخ پیدائش (سال/دن/مہینہ): ____________________

بچہ کی پیدائش کے وقت دوسرے پیرنٹ کی عمر: ________

| بچہ کا آخری نام (جیسا کہ سرٹیفکیٹ پر ظاہر ہونا چاہیے، چاہے نام وہی رہنا ہو) | |
|---|---|
| دوسرے پیرنٹ کے دستخط | تاریخ |

## سیکشن نمبر پانچ: اپنی درخواست پر دستخط کریں

فارم پر جہاں موزوں ہو وہاں دستخط کریں۔ اگر فی الحال پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر دونوں والدین کے نام موجود ہیں تو دونوں کو دستخط کرنے چاہئیں، اگر بچہ کی عمر 18 سال سے کم ہے۔

| | |
|---|---|
| والدہ/پیرنٹ/قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ |
| والد/پیرنٹ/قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ |

| | |
|---|---|
| یہ درخواست مکمل کرنے والے شخص کے دستخط | تاریخ |
| **آپ کے دستخط (اگر آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہے اور آپ اپنے پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں اصلاح کی درخواست کر رہے ہیں)** | |

**انتباہ! نیو یارک سٹی ہیلتھ کوڈ کے مطابق کسی بھی شخص کو تیاری کے لیے درکار درخواست پر غلط، جھوٹا یا گمراہ کُن بیان نہیں دینا چاہیے یا کسی اور کے دستخط نہیں کرنے چاہئیں۔ ہیلتھ کوڈ کی خلاف ورزی جرم کے بطور قابل سزا ہوگی۔ (NYC ہیلتھ کوڈ NYC HEALTH CODE 3.19 / 3.19) غلط شناخت جمع کروانا جرم کے زمرے میں آتا ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف عدالتی کارروائی کی جائے گی۔**

---

### فیس اور اپنی درخواست جمع کروانے کا طریقہ

زیادہ تر اصلاحات کرنے کے لیے $40 کی ناقابل ریفنڈ درخواست پر کارروائی کی فیس ہے نیز ہر نئے سرٹیفکیٹ کے لیے فی نقل $15 فیس ہے اور تین تک سرٹیفکیٹس کی حد لاگو ہوتی ہے۔

مثال کے طور پر، پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں اصلاح اور دو اصلاح کردہ نقول درخواست کرنے کی لاگت $70 ہے۔

کارروائی کی فیس = دو سرٹیفکیٹس کے لیے $40 + $30 = کُل $70۔

### اپنی درخواست کی لاگت جانیں

| | |
|---|---|
| **ناقابل ریفنڈ پراسیسنگ فیس:** | **$40** |
| درخواست کیے گئے اصلاح کردہ پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی تعداد (زیادہ سے زیادہ 3): | __________ |
| **ہر اصلاح کردہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 سے** ضرب اس کے مساوی ہے: | $__________ |
| کُل ملفوف رقم: | $__________ |

قابل اطلاق فیس نیز جن اصلاحات کے لیے فیس کی چھوٹ ہے وہ دیکھنے کے لیے صفحہ 1 دیکھیں۔ اگر آپ آخری تین ماہ میں خریدے گئے سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ملفوف کرتے ہیں اور اسے اصلاح کردہ سرٹیفکیٹ سے تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو بھی سرٹیفکیٹ کی فیس پر چھوٹ دی جاتی ہے۔

براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کا چیک یہ منی آرڈر یہاں قابل ادائیگی ہے: **NYC Department of Health and Mental Hygiene**۔ نقدی قابل قبول نہیں ہے۔ واک ان کسٹمرز کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ، چیک یا منی آرڈر کے ذریعے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

**یقینی بنائیں کہ آپ نے سبھی ضروری چیزیں ملفوف کر دی ہیں** (قابل اطلاق سبھی کو نشان زد کریں):

- ☐ تصویری ID کی نقل کے ساتھ مکمل شدہ، دستخط شدہ درخواست۔ اگر آپ کے بچے کی عمر 18 سال سے کم ہے تو سرٹیفکیٹ پر موجود دونوں والدین کی ID شامل کریں۔
- ☐ ہر اصل دستاویز یا مصدقہ نقل کی ایک فوٹو کاپی
- ☐ ادائیگی، اگر قابل اطلاق ہو
- ☐ اصل یا مصدقہ دستاویزات

**یہاں میل کریں:**

NYC Department of Health and Mental Hygiene
Corrections Unit
125 Worth Street, CN-4, Room 144
New York, NY 10013

اصلاحات میں مدد کے لیے، **311** پر کال کریں یا correctionsunit2@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔
سبھی فارمز انگریزی زبان میں پُر کیے جانے چاہئیں لیکن ترجمہ شدہ فارمز آن لائن صرف حوالے کے لیے دستیاب ہیں۔

**آپ کیا درخواست کرنا چاہیں گے؟**
**مندرجہ ذیل ٹیبلز کے لحاظ سے نشاندہی کریں کہ آپ کو کیا جمع کروانے کی ضرورت ہے۔**

| | درخواست کردہ اصلاح کی قسم | میں کیا جمع کرواؤں؟ |
|---|---|---|
| 1 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر نام شامل کرنا یا اس میں اصلاح کرنا | ٹیبل A دیکھیں۔ |
| 2 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر اپنا یا اپنے بچے کا نام تبدیل کرنا | ٹیبل A دیکھیں۔ |
| 3 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پیرنٹ کی معلومات میں اصلاح کرنا (پیرنٹ کے نام، تاریخ اور پیرنٹ کی جائے پیدائش) | ٹیبل A دیکھیں۔ |
| 4 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پیرنٹ کو شامل کرنا، تبدیل کرنا یا ہٹانا (والدیت، خونی رشتہ، گود لینا شامل ہے) | ٹیبل B دیکھیں۔ |
| 5 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر جنس/صنف کا نشان تبدیل کرنا | ٹیبل C دیکھیں۔ |
| 6 | ہسپتال کی جانب سے کی گئی خرابی کی اصلاح کرنا | ٹیبل D دیکھیں۔ |
| 7 | پیدائش کے ریکارڈ سے معلومات ہٹانا | ٹیبل E دیکھیں۔ |

| ٹیبل A | | |
|---|---|---|
| **میں محکمہ** | **میں چاہتا/چاہتی ہوں** | **مجھے کون سی دستاویزات درکار ہوں گی؟ (ذیل میں دستاویزات کی تفصیل دیکھیں۔)** |
| سرٹیفکیٹ پر جس شخص کا نام موجود ہے یا سرٹیفکیٹ پر بچہ کے جس پیرنٹ (جن پیرنٹس) کا نام موجود ہے۔ اگر پیرنٹ ہیں تو بچہ کی عمر 18 سال سے کم ہونی چاہیے۔ اگر غلطی ہسپتال کی طرف سے کی گئی ہے تو اس درخواست کے ٹیبل D پر جائیں۔ | 1. پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پہلا یا درمیانی نام شامل کریں یا اس میں اصلاح کریں۔ | 1، 2، 3، 4، 5، یا 6 (ذیل میں دستاویزات کی فہرست کی ٹیبل کے تحت "دستاویزات 1 تا 6 کے لیے نوٹ" بھی دیکھیں۔) |
| | 2. پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود نام تبدیل کریں (پہلا، درمیانی اور/یا آخری نام؛ قانونی نام کی تبدیلی)۔ | 12 |
| | 3. پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پیرنٹ کی معلومات میں اصلاح کریں (پیرنٹ کے ناموں کا املا، پیرنٹ کی تاریخ اور جائے پیدائش)۔ | 7، 9 یا 13 |
| | 4. پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر آخری نام میں اصلاح کریں۔ | 8، 7a، 9، 10 یا 11<br>سبھی دستاویزات تاریخ پیدائش سے پہلے کی تاریخ پر بنے ہونے چاہئیں۔ |

**اگر غلطی ہسپتال کی طرف سے کی گئی ہے تو اس درخواست کے ٹیبل D پر جائیں۔**

| NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کی جانب سے قابل قبول دستاویزات کی فہرست | |
|---|---|
| **#** | **قابل قبول دستاویز (دستاویزات) کی قسم** |
| 1* | امیونائزیشن ریکارڈ جس پر بچہ کا پہلا نام موجود ہو، تاریخ پیدائش، پیدائش کا سرٹیفکیٹ اور نگہداشت صحت کی فیسلٹی کی مہر پر مندرج پیرنٹ کا نام۔ امیونائزیشن ریکارڈ کم از کم 10 سال پرانا ہونا چاہیے۔ |
| 2* | پیدائش کے بعد لیا جانے والا پہلا مردم شماری کا ریکارڈ (وفاقی یا ریاستی) |
| 3* | ڈاکٹر کی جانب سے خط جس پر آپ کی تاریخ پیدائش اور درست نام درج ہوں۔ خط لیٹر ہیڈ پر ہونا چاہیے اور اس میں یہ نشاندہی کی گئی ہونی چاہیے کہ ڈاکٹر نے 10 سال یا اس سے قبل آپ کا علاج کیا تھا۔ اس میں آپ کے پہلے وزٹ کی تاریخ اور آخری وزٹ کی تاریخ شامل ہونی چاہئیں۔ |
| 4* | آپ نے جس ایلیمنٹری، مڈل یا ہائی اسکول سے تعلیم حاصل کی ہے اس کی جانب سے خط جس میں آپ کی تاریخ پیدائش اور درست نام موجود ہوں۔ خط میں آپ کی رجسٹریشن کی تاریخیں موجود ہونی چاہئیں اور ایسے اسکول کی جانب سے ہونا چاہیے جس میں آپ 10 سال یا اس سے قبل گئے ہوں۔ |
| 5* | کسی مذہبی ادارے کی طرف سے خط یا دستاویز جس میں آپ کی تاریخ پیدائش اور درست نام موجود ہوں۔ دستاویز کم از کم 10 سال پرانی ہونی چاہیے اور آفیشل لیٹر ہیڈ پر ہونی چاہیے۔ |
| 6* | آپ کی لائف انشورنس پالیسی جس پر آپ کی تاریخ پیدائش اور درست نام موجود ہیں۔ پالیسی کم از کم 10 سال پرانی ہونی چاہیے۔ |
| 7 | اس پیرنٹ کا اصل پیدائش کا سرٹیفکیٹ جس کی معلومات میں آپ اصلاح کروانا چاہتے ہیں۔ |
| 7a | پیرنٹ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ جس میں آخری نام کا درست املاء موجود ہے۔ سرٹیفکیٹ تاریخ پیدائش سے پہلے کی تاریخ کا ہونا چاہیے۔ |
| 8 | پیرنٹ کا پاسپورٹ جس پر آخری نام کا درست املاء موجود ہو۔ پاسپورٹ کا اجراء تاریخ پیدائش سے پہلے کا ہونا چاہیے۔ |
| 9 | اگر پیرنٹس بچے کی پیدائش سے <u>پہلے</u> شادی شدہ تھے تو پیرنٹ کا اصل شادی کا ریکارڈ/سرٹیفکیٹ۔ اسے صرف آخری نام میں اصلاح کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ |
| 10 | پیرنٹ کا امریکی نیچرلائزیشن کا سرٹیفکیٹ۔ نیچرلائزیشن سرٹیفکیٹ پر موجود معلومات پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود پیرنٹ کی معلومات سے مماثل ہونی چاہئیں۔ نیچرلائزیشن سرٹیفکیٹ پر موجود پیرنٹ کا آخری نام درخواست کردہ اصلاح سے مماثل ہونا چاہیے۔ نیچرلائزیشن سرٹیفکیٹ تاریخ پیدائش سے پہلے کی تاریخ کا ہونا چاہیے۔ |
| 11 | اسی پیرنٹ سے آپ کی بڑی بہن یا بھائی کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ۔ |
| 12 | قانونی نام میں تبدیلی کا مصدقہ عدالتی آرڈر حاصل کریں۔ اگر آپ NYC میں رہتے ہیں تو آپ کو سول کورٹ جانا چاہیے اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کرنی چاہیے۔ اگر آپ NYC سے باہر رہتے ہیں تو اپنے علاقے میں موزوں عدالت میں جائیں اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کریں۔ قانونی نام کی تبدیلی کے مصدقہ عدالتی آرڈر میں تاریخ پیدائش، جائے پیدائش اور سرٹیفکیٹ نمبر شامل ہونے چاہئیں۔ |
| 13 | مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی:<br>• اس پیرنٹ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ جس کی معلومات میں آپ اصلاح کروانا چاہتے ہیں<br>• اسی پیرنٹ سے آپ کی بڑی بہن یا بھائی کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ<br>• مذہبی ادارے کی جانب سے دستاویز جس میں آپ کی تاریخ پیدائش، آپ کا درست نام اور پیرنٹ کا درست نام (کے درست نام) موجود ہوں<br>• بچہ کی پیدائش سے پہلے کا نیچرلائزیشن سرٹیفکیٹ یا پیدائش کا ریکارڈ؛ صرف آخری نام میں اصلاح کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے |

***دستاویزات 1 تا 6 کے لیے نوٹ:** عام طور پر، دستاویز بچہ کی ساتویں سالگرہ سے پہلے بنا ہونا چاہیے یا اسے کم از کم 10 سال پرانا ہونا چاہیے۔ اس سے ہمیں یہ طے کرنے میں مدد ملتی ہے کہ آپ جو دستاویز جمع کروا رہے ہیں وہ جائز ہیں۔ دستاویزات میں مندرجہ ذیل شامل ہونا ضروری ہیں: بچہ کا نام، مندرج تاریخ پیدائش، پیرنٹ کا نام (کے نام)۔

## ٹیبل NYC .B پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پیرنٹ کو شامل یا تبدیل کرنا یا ہٹانا (اس میں والدیت/ولدیت، خونی رشتہ، گود لینے کے اعترافات شامل ہیں)

**براہ کرم پہلے اسے پڑھیں:**

NYC کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر دوسرے پیرنٹ کا نام شامل کرنے کا عمل عموماً بچہ کی پیدائش کے وقت پیرنٹ (پیرنٹس) کی ازدواجی حیثیت پر منحصر ہوتا ہے۔

درخواست کے ساتھ سول شادی کے ریکارڈز یا دیگر دستاویزات جمع کروائی جانی چاہئیں۔ ایسی صورتیں جن میں پیرنٹ کی قانونی طور پر طلاق ہوگئی ہو، طلاق کا ریکارڈ (کے ریکارڈز) بھی جمع کروائے جانے چاہئیں۔ اگر متعلقہ ہو تو فوت شدہ پیرنٹ کا انتقال کا سرٹیفکیٹ بھی جمع کروایا جانا چاہیے۔ سبھی ریکارڈز مصدقہ نقول ہونی چاہئیں۔

نیو یارک اسٹیٹ دیگر ریاستوں، واشنگٹن ڈی سی اور بیرون ملک ہونے والی شادیوں کو تسلیم کرتی ہے۔ یہ عام قانونی شادی کو تسلیم نہیں کرتی ہے۔

نوٹ کریں کہ جب تک کوئی عدالتی آرڈر موجود نہ ہو، دوسرے پیرنٹ کو شامل کرتے وقت درخواست کے اس فارم پر دونوں پیرنٹس کو دستخط کرنا ہوگا۔

## میں دوسرے پیرنٹ کا نام کس طرح شامل کروں؟ آپ کو کیا کرنا چاہیے یہ جاننے کے لیے یہ ٹیبل پڑھیں (اگلے صفحہ تک جاری ہے)۔

| # | میں بچہ کا/کی ہوں | بچہ کی پیدائش کے وقت شادی شدہ تھے؟ | میں شامل کرنا چاہتا/چاہتی ہوں | مجھے یہ کرنا ہے |
|---|---|---|---|---|
| 1 | والدہ/پیرنٹ جس نے جنم دیا | ہاں | ازدواجی ساتھی (یہ بچہ کی پیدائش کے وقت ازدواجی ساتھی پر لاگو ہوتا ہے) | اس درخواست کا سیکشن نمبر 4، صفحہ 3 مکمل کریں (دوسرے پیرنٹ کی معلومات)۔<br>ازدواجی ساتھی کو شامل کرنے پر $40 کی اصلاح کی فیس لاگو نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، ہر اصلاح کردہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| 2 | والدہ/پیرنٹ جس نے جنم دیا | ہاں، لیکن بچہ کی پیدائش کے وقت میری شادی بچہ کے بیالوجیکل باپ سے نہیں ہوئی تھی۔ | بچہ کا بیالوجیکل باپ/پیرنٹ۔ | فیملی کورٹ یا نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ پر جائیں اور ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر کی درخواست کریں۔ نیز درخواست کریں کہ پیرنٹ کا شہر، ریاست، تاریخ پیدائش اور جنس جو کہ شامل کیے جانے ہیں ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر پر بیان ہوں۔<br>بیالوجیکل باپ کو شامل کرنے پر $40 کی اصلاحی فیس لاگو نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، ہر اصلاح کردہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| 3 | والدہ/پیرنٹ جس نے جنم دیا | نہیں | بچہ کا بیالوجیکل باپ/پیرنٹ۔ | ولدیت کے اعتراف کا فارم (Acknowledgment of Parentage, AOP) پُر کریں۔<br>**یا:**<br>فیملی کورٹ یا نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ پر جائیں اور ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر کی درخواست کریں۔ نیز درخواست کریں کہ پیرنٹ کا شہر، ریاست، تاریخ پیدائش اور جنس جو کہ شامل کیے جانے ہیں ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر پر بیان ہوں۔<br>بیالوجیکل باپ کو شامل کرنے پر $40 کی اصلاحی فیس لاگو نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، ہر اصلاح کردہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| 4 | والدہ/پیرنٹ جس نے جنم دیا | نہیں | دوسرا پیرنٹ (اس میں بچہ کا بیالوجیکل باپ/پیرنٹ شامل نہیں ہے) | ولدیت کے اعتراف کا فارم (Acknowledgment of Parentage, AOP) پُر کریں۔<br>**یا:**<br>فیملی کورٹ یا نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ جائیں اور ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر یا گود لینے کے آرڈر کی درخواست کریں۔ نیز درخواست کریں کہ پیرنٹ کا شہر، ریاست، تاریخ پیدائش اور جنس جو کہ شامل کیے جانے ہیں ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر یا گود لینے کے آرڈر پر بیان ہوں۔<br>دوسرے پیرنٹ کو شامل کرنے پر $40 کی اصلاحی فیس لاگو نہیں ہوتی ہے۔ تاہم ہر اصلاح شدہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 فیس ہے اور گود لینے کے آرڈرز کے لیے $40 کی اصلاحی فیس ہے۔ |

(اگلے صفحہ تک جاری ہے)

| # | میں بچہ کا/کی ہوں | بچہ کی پیدائش کے وقت **شادی شدہ** تھے؟ | میں شامل کرنا چاہتا/چاہتی ہوں | مجھے یہ کرنا ہے |
|---|---|---|---|---|
| **ٹیبل B جاری ہے۔ میں کسی دوسرے پیرنٹ کا نام کس طرح شامل کروں؟ یہ ٹیبل پڑھیں اور جانیں کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے۔** | | | | |
| 5 | بیالوجیکل باپ | ہاں یا نہیں | میں خود | اوپر نمبرز 1، 2 اور 3 کے لیے ہدایات دیکھیں اور جس طرح قابل اطلاق ہوں مکمل کریں۔ جنم دینے والی والدہ/پیرنٹ کی رضامندی درکار ہو سکتی ہے۔ |
| 6 | دوسرا پیرنٹ (اس میں بچہ کا بیالوجیکل باپ/پیرنٹ شامل نہیں ہے) | نہیں<br>اگر ہاں تو نمبر 1 کے لیے ہدایات پر عمل کریں | میں خود | فیملی کورٹ یا نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ جائیں اور ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر یا گود لینے کے آرڈر کی درخواست کریں۔ نیز درخواست کریں کہ پیرنٹ کا شہر، ریاست، تاریخ پیدائش اور جنس جو کہ شامل کیے جانے ہیں ولدیت/خونی رشتہ کے آرڈر یا گود لینے کے آرڈر پر بیان ہوں۔<br><br>فیس مذکورہ بالا نمبر 4 جتنی ہی ہے۔ |

**میں NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پیرنٹ کا نام کیسے ہٹاؤں یا تبدیل کروں؟**

| میں بچہ کا/کی ہوں | بچہ کی پیدائش کے وقت **شادی شدہ** تھے؟ | میں چاہتا/چاہتی ہوں | مجھے یہ کرنا ہے |
|---|---|---|---|
| پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ | ہاں یا نہیں | پیرنٹ کو تبدیل کریں یا ہٹائیں | ولدیت طے کرنے کے لیے فیملی کورٹ یا نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ جائیں۔ پیرنٹ کو ہٹانے یا تبدیل کرنے کے آرڈر کی درخواست کریں۔ |

**ٹیبل C. صنفی نشان کو تبدیل کرنا**

| # | میں محکمہ | میں چاہتا/چاہتی ہوں | مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|
| 1 | سرٹیفکیٹ پر مندرج شخص | میرے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر صنفی نشان کو تبدیل کریں | درخواست اور سیلف اٹیسٹیشن فارم پُر کریں (عمر 18 سال اور زائد)<br>on.nyc.gov/birthcertgenderselfattestation دیکھیں۔ |
| 2 | پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر مندرج بچہ کا پیرنٹ | میرے بچہ کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود صنفی نشان تبدیل کریں | نابالغ بچوں (18 سال سے کم عمر) کے لیے درخواست اور سیلف اٹیسٹیشن فارم مکمل کریں۔<br>on.nyc.gov/birthcertgenderattestationminor دیکھیں۔ |

**ٹیبل D. ہسپتال کی جانب سے کی گئی غلطی میں اصلاح کرنا**

| # | میں محکمہ | میں چاہتا/چاہتی ہوں | میرے بچہ کی عمر ابھی یہ ہے | مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | میرے بچہ کے سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ | میرے بچہ کا پہلا اور درمیانی نام **شامل کریں** | 60 دن یا اس سے کم عمر | سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ (پیرنٹس) کی درست ID کے ساتھ یہ درخواست جمع کروائیں۔ فیس لاگو نہیں ہوگی۔ |
| | | | 1 سال سے کم لیکن 60 دن سے زائد عمر | سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ (پیرنٹس) کی درست ID کے ساتھ یہ درخواست جمع کروائیں۔<br>معمول کی فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| 2 | میرے بچہ کے سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ | میرے بچہ کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر ہسپتال کی طرف سے کی گئی غلطی کی **اصلاح** کریں | بچہ کی عمر فی الحال 1 سال سے کم ہے | اس ہسپتال جائیں جہاں آپ کے بچے کی پیدائش ہوئی تھی۔ یہ درخواست ساتھ لے جائیں اور انہیں غلطی ٹھیک کرنے کے لیے اصلاح جمع کروانے کا کہیں۔ ہسپتال NYC محکمہ صحت کو الیکٹرونک طور پر درخواست جمع کروائے گا۔<br><br>فیس لاگو نہیں ہوگی۔ |
| 3 | میرے بچہ کے سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ | میرے بچہ کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر ہسپتال کی طرف سے کی گئی غلطی کی **اصلاح** کریں | بچہ کی عمر فی الوقت 18 سال سے کم لیکن 1 سال سے زائد ہے | جس ہسپتال میں بچہ کی پیدائش ہوئی تھی وہاں سے خط کی درخواست کریں جس پر بیان ہو کہ غلطی ہوئی ہے۔ خط میں شامل ہونا چاہیے بچہ کا نام، تاریخ پیدائش اور پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر فی الحال موجود غلط معلومات نیز وہ درست معلومات جو موجود ہونی چاہئیں۔ خط میں پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر مندرج پیرنٹ (پیرنٹس) کا (کے) نام کا شامل ہونا ضروری ہے۔ |
| 4 | وہ شخص جس کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہے | میرے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر ہسپتال کی جانب سے کی گئی کسی بھی غلطی کی **اصلاح** کریں۔ یہ صرف مندرجہ ذیل فیلڈز پر لاگو ہوتا ہے: جنس، پیدائش کی تاریخ اور وقت، جائے پیدائش۔ | آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہے۔ | آپ کی پیدائش جس ہسپتال میں ہوئی اس سے یہ بیان کرتے خط کی درخواست کریں کہ غلطی ہوئی تھی۔ خط میں شامل ہونا چاہیے میرا نام، تاریخ پیدائش اور پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر فی الحال موجود غلط معلومات نیز وہ درست معلومات جو موجود ہونی چاہئیں۔ آپ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک چیز بھی جمع کروا سکتے ہیں: ہسپتال کی ورک شیٹ، لاگ جرنل یا پیدائش کے وقت مکمل کیے جانے والے پیدائش کے ریکارڈز۔ |

| # | میں محکمہ | میں چاہتا/چاہتی ہوں | مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|
| 1 | وہ شخص جس کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہے یا بچہ کے پیرنٹ (پیرنٹس) جن کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہے۔<br>اگر پیرنٹ ہیں تو بچہ کی عمر 18 سال سے کم ہونی چاہیے۔ | پیدائش کے سرٹیفکیٹ سے معلومات ہٹائیں۔ | معلومات ہٹانے کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے سپریم کورٹ جائیں اور عدالتی آرڈر کی درخواست کریں۔ اگر ہسپتال کی غلطی ہے تو ٹیبل D دیکھیں۔ |
| | | ڈاکٹر کا نام ہٹائیں | اگر ڈاکٹر کا میڈیکل لائسنس نیو یارک اسٹیٹ محکمہ صحت، آفس آف پروفیشنل میڈیکل کنڈکٹ نے واپس لے لیا ہے یا منسوخ کر دیا ہے تو ڈاکٹر کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور ہدایات کے لیے "certificate corrections" (سرٹیفکیٹ کی إصلاحات) تلاش کریں ["Common Corrections" (عمومی اصلاحات) کی سرخی کے نیچے، "How do I remove information on the birth certificate?" (میں پیدائش کے سرٹیفکیٹ سے معلومات کیسے ہٹاؤں؟) دیکھیں]۔<br>سوالات کے لیے، **311** پر کال کریں اور **"Vital Records assistance" (وائٹل ریکارز اسسٹنس)** کی درخواست کریں یا nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔ اگر آپ NYC سے باہر ہیں تو 212-639-9675 پر کال کریں۔ |